Directorate of Education GNCT Delhi-54

(Practice Question Paper 2023-24)

Sub: Urdu III

Class-VIII

Time2:30Hrs **M.M.60**

سوال 1 درج ذیل نثری اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب دیجئیے 6

ایک غریب مسافر اپنے گاؤں سے چلا۔ شہر میں پہنچا۔ چلتے چلتے اس کی نظر ایک مسجد پر پڑی۔ دیکھا کہ ایک شخص جو کی سوکھی روٹی پانی میں بھگو بھگو کر کھا رہا ہے۔ مسافر بہت دیر تک غور سے دیکھتا رہا اور سوچتا رہا کہ کس اطمینان، سکون اور خوشی سے وہ سوکھی روٹی بھگو کر کھا رہا ہے۔ غریب مسافر یہ منظر دیکھ کر اور بھی پریشان ہوا کہ یہاں تو حالت اور بھی خستہ ہے۔ اس سے تو یہی کہا گیا تھا کہ شہر جا کر خلیفہ کی خدمت میں حاضر ہو اپنی پریشانی اور مصیبت کا حال بیان کرو۔

(i) غریب مسافر کی نظر کس پر پڑی؟

(A) مسجد

(B) مندر

(C) گھر

(D) دُکان

(ii) مسافر کہاں سے چلا تھا؟

(A) دُکان

(B) کھیت

(C) گاؤں

(D) شہر

(iii) شخص کس کی روٹی کھا رہا تھا؟

(A) باجرا

(B) جوار

(C) بیسن

(D) جو

سوال2 درج بالا شعری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب دیجیے۔ 6

سورج ڈوب گیا تو پھیلی
رات کی چادر میلی میلی
ہر سو پھیل گیا اندھیارا
تھک کر سویا دن بے چارا
تب نکلے آکاش پہ تارے
جھِلمِل جھِلمِل کرتے سارے
ابَر میں چھپتے اور نکلتے

(i) سورج ڈوبنے کے بعد کس کی چادر پھیل گئی؟

(A) شام

(B) دن

(C) رات

(D) اندھیرا

(ii) تھک کر کون سو گیا؟

(A) آسمان

(B) رات

(C) سورج

(D) دِن

(iii) لفظ ابرَ کے کیا معنی ہیں ؟

(A) چادر

(B) بادل

(C) زمین

(D) تارے

سوال 3 درج ذیل درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب دیجیے۔ 6

میں بہت چھوٹی تھی جب بھوپال میں گیس پھیلی تھی میری امّی بتاتی ہیں کہ وہ مجھے اپنے بازوؤں میں جکڑ کر جہانگر آباد کی طرف دوڑی تھیں۔ مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ میں نے اپنا پہلا قدم بیماری ہی کی حالت میں آگے بڑھایا تھا اور اب بھی میں پوری طرح ٹھیک نہیں ہو پائی ہوں بیچ میں کچھ روز مجھے تھوڑے آرام کا احساس ہوا لیکن اب پھر وہی پُرانی حالت لوٹ آئی ہے میر اگلا اور آنکھیں سوج جاتی ہیں۔ میرے چہرے پر سوجن رہتی ہے گلے کے اندر ہی خون رستا رہتا ہے۔

(i) گیس کہاں پھیل گئی تھی ؟

(A) بھوپال

(B) دِلّی

(C) ممبئی

(D) کیرل

(ii) درج بالا اقتباس میں کس سبق سے لیا گیا ہے ؟

(A) لوک گیت

(B) ایم ایس سبّا لکشمی

(C) وہ صبح کبھی تو آئے گی

(D) بیر بل کی حاضر جوابی

(iii) جہانگیر آباد کی طرف کون دوڑی؟

(A) چاچی

(B) آمی

(C) دادی

(D) نانی

سوال 4 درج ذیل درسی شعری اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب دیجیے۔ 6

جہاں چڑیاں گھنیری جھاڑیوں میں چہچہاتی ہوں
جہاں شاخوں پہ کلیاں نت نئی خوشبو لٹاتی ہوں
اور ان پر کوئلیں کو کو کے میٹھے گیت گاتی ہوں
وہاں میں ہوں مری ہم جولیاں ہوں اور جھولا ہو

(i) چڑیاں کہاں چہچہاتی ہیں؟

(A) جنگل میں

(B) گھروں میں

(C) جھاڑیوں میں

(D) پہاڑوں میں

(ii) کوئل کیسے گیت گاتی ہے؟

(A) میٹھے گیت

(B) اچھے گیت

(C) بُرے گیت

(D) سریلے گیت

(iii) درج بالا شعری اقتباس کس نظم سے لیا گیا ہے؟

(A) عورتوں کا درجہ

(B) جگنو

(C) صبر کا پھل

(D) ایک لڑکی کا گیت

سوال 5 نیچے دیے گئے عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر 100 الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے۔ 5

(i) یوم آزادی

(ii) رکشابندھن

(iii) ہمارا ملک ہندوستان

سوال 6 اپنے پرنسپل کے نام سیکشن بدلنے کے لیے درخواست لکھیے۔ 4

یا

دوست کو بھائی کی شادی میں شرکت کی دعوت دینے کے لئے ایک خط لکھیئے

سوال 7 دی ہوئی ہدایات کے مطابق سوالوں کے جواب لکھیے۔ 8

(i) نیچے دیے گئے لفظوں میں سے صرف چار الفاظ کے مذکر کے مونث لکھیے۔

لڑکا، آدمی، شیر، شہزادہ، مرغا، اندھا

(ii) نیچے دیے گئے لفظوں میں سے صرف چار الفاظ کے واحد کے جمع بنایئے۔

بچہ، لڑکا، چوڑی، گاڑی، تتلی، گڑیا

(iii) نیچے دیے گئے محاوروں کے معنی لکھیے۔

نو دو گیارہ ہونا، لوہا منوانا

(iv) نیچے لکھے گئے الفاظ میں سے کوئی دو کے مترادف لکھیے۔

مسرت، مہتاب، ظلمت، گلشن

سوال 8 نیچے دیے گئے سوالات میں سے کوئی تین سوالوں کے جواب لکھیے۔ 9

(i) لوک گیت کسے کہتے ہیں؟

(ii) مشتاق علی کس ٹیم کی جانب سے کرکٹ کھیلتے تھے؟

(iii) پہلی جنگ آزادی کو انگریزوں نے کیا نام دیا؟

(iv) سبّالکشمی کا جنم کب ہوا تھا؟

(v) ابن سینا کی ملاقات کن علما سے ہوئی؟

سوال 9 نیچے دیے گئے سوالات میں سے کوئی تین سوالوں کے جواب لکھیے۔

(i) دُنیا کی زینت کس کے دم سے ہے؟

(ii) شاعر نے جگنو کو ہیرا کیوں کہا ہے؟

(iii) شاعر نے صحرا کو زمردیں کیوں کہا ہے؟

(iv) باغ میں کون جاگ رہا تھا؟

سوال 10 نیچے لکھے لفظوں کے جوڑ ملایئے۔ 4

تال	جگے
باغ	دھج
سج	بغیچہ
رَت	تلیا